© rasailojaraid.com

اہل مغرب کی ایجاد ہے جو اپنے اندر ایک خاص معنویت رکھتی ہے، اور براہ راست صداقت رسولؐ سے ٹکراتی ہے مسلمانوں کو اس کے استعمال سے احتراز کرنا چاہیے خصوصاً بچوں کے باب میں۔

بچوں کیلیے جامعہ ملیہ کی کتابیں (۱) دنیا کے بچے۔ قیمت ۶ر (۲) چھدّو۔ قیمت ۳ر (۳) شیدلا۔ قیمت ۳ر (۴) چھوٹا چھتو۔ قیمت ۲ر (۵) کائنات۔ قیمت پانچ آنے (۶) نیت کا پھل۔ قیمت ۲ر (۷) شہزادی گلنار۔ قیمت ۴ر (۸) انعامی مقابلہ۔ قیمت ۳ر (۹) جنگو کی بلی۔ قیمت ۲ر (۱۰) پوری جو کڑھائی سے نکل بھاگی۔ قیمت ۲ر (۱۱) لطائف غالب قیمت ۳ر

یہ سب کتابیں بچوں کیلیے مفید ہیں۔ ان میں سے اکثر میں چھوٹی چھوٹی سبق آموز اور دلچسپ کہانیاں ہیں۔ اور بعض کتابوں میں بچوں کی معلومات اور ان کے دائرۂ نظر کو وسیع کرنے کیلیے بہت اچھا پیرایہ اختیار کیا گیا ہے۔ خصوصاً "کائنات" بہت قابلِ قدر چیز ہے "دنیا" کے بچے بھی عمدہ کتاب ہے۔ بعض کہانیوں میں بجز زبان کے اور کچھ نہیں ہے، بلکہ ان سے بچوں میں اعجوبہ پرستی اور وہمیت پیدا ہونیکا اندیشہ ہے۔ مثلاً "چھدّو" اور "با چھو" اور "پان کو" کی کہانیاں، اور "جنگو کی بلی"، کہ اس قسم کے قصے بچوں میں غیر فطری امور سے دلچسپی پیدا کر دیتے ہیں۔

قلعہ معلّٰی کی جھلکیاں تالیف جناب عرش تیموری۔ ضخامت ۷۲ صفحات، قیمت ۸ر ملنے کا پتہ۔ مکتبہ جہاں نما اردو بازار جامع مسجد دہلی۔

اس کتاب میں دلی کی اسلامی سلطنت کے مٹتے ہوئے آخری نقوش کا ایک غیر مترتب اور دھندلا سا مرقع پیش کیا گیا ہے، جس میں ۵۷ء کے پر آشوب زمانہ اور اسکے کچھ پیشتر و مابعد کے وہ عبرت انگیز واقعات درج ہیں جنھیں مولف نے قلعہ معلی کی

© rasailojaraid.com